30 مئی، 2012

ایکس چینج کمپنیاں اپنے کمپلائنس کلچر کو بہتر بنائیں، اسٹیٹ بینک کی ہدایت

اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر قاضی عبدالمقتدر نے ایکس چینج کمپنیوں کو ہدایت کی ہے کہ وہ اپنے کمپلائنس کلچر کو بہتر بنائیں اور مرکزی بینک کے مقررہ قواعد وضوابط پر عملدرآمد کو یقینی بنائیں۔

آج اسٹیٹ بینک آف پاکستان، کراچی میں ایکس چینج کمپنیوں کے بورڈ آف ڈائریکٹرز اور چیف ایگزیکیٹو آفیسرز کے لئے کارپوریٹ گورننس کے بارے میں ایک آگہی پروگرام کا افتتاح کرتے ہوئے انہوں نے پروگرام کے شرکاء کو آگاہ کیا کہ یہ آگہی پروگرام ایکس چینج کمپنیوں کی صلاحیت کار بڑھانے میں اہم کردار ادا کرے گا اور اس کے نتیجے میں اس شعبے میں ان کی کارکردگی اور اعتبار میں اضافہ ہوگا۔

انہوں نے پروگرام کے شرکاء کو اس پس منظر سے بھی آگاہ کیا جس میں ایکس چینج کمپنیاں عمل میں لائی گئی تھیں۔ انہوں نے شرکاء کو بڑے حجم کی کمپنیوں کی جانب پیش رفت کے مواقع سے بھی آگاہ کیا۔

اسٹیٹ بینک کے ڈی ایف آئیز اینڈ ایکس چینج کمپنیز انسپکشن ڈیپارٹمنٹ کے ڈائریکٹر جناب شوکت زمان اور اسٹیٹ بینک آف پاکستان اور فنانشل مانیٹرنگ یونٹ (ایف ایم یو) کے دیگر سینئر افسران نے بھی اس موقع پر خطاب کیا۔

پروگرام اسٹیٹ بینک کے ڈی ایف آئیز اینڈ ایکس چینج کمپنیز انسپکشن ڈیپارٹمنٹ کے زیر اہتمام منعقد کیا گیا تھا جس کا مقصد کمپلائنس کلچر میں بہتری کی غرض سے بہتر افہام وتفہیم کے لئے کارپوریٹ گورننس، انٹرنل کنٹرولز، مینجمنٹ انفارمیشن سسٹم (ایم آئی ایس)، نو یور کسٹمرز (Know Your Customer)/اینٹی منی لانڈرنگ (اے ایم ایل) سے متعلق آگہی بیدار کرنا تھا۔

پروگرام میں اے اور بی دونوں کیٹگریز کی ایکس چینج کمپنیوں کے 80 سے زائد ڈائریکٹرز اور سی ای اوز نے شرکت کی، جو سندھ اور بلوچستان میں ہیڈ آفس کی حامل 27 کمپنیوں کی نمائندگی کر رہے تھے۔ پروگرام میں ایکس چینج کمپنیز ایسوسی ایشن آف پاکستان (ECAP) کے چیئرمین جناب ملک محمد بوستان اور ECAP کے صدر جناب حاجی ہارون نے بھی شرکت کی۔

ایکس چینج کمپنیز ایسوسی ایشن آف پاکستان (ECAP) کے چیئرمین جناب ملک محمد بوستان نے اس اہم پروگرام کے انعقاد پر ایکس چینج کمپنیوں کی جانب سے اسٹیٹ بینک آف پاکستان کا شکریہ ادا کیا اور اس طرح کی کوششوں میں اسٹیٹ بینک کو اپنے مکمل تعاون کی پیشکش کی۔

☆☆☆